کابل۔ (بذریعہ ڈاک) افغانستان کے طول و عرض میں ٹیلیفون نصب کرنے کی جو تجویز تھی وہ بروئے کار آ گئی ہے۔ چنانچہ اس وقت کابل کا تعلق ٹیلیفون کے ذریعہ تمام صوبوں سے ہو گیا ہے۔ اور شاہی [illegible] کابل کو مرکز [illegible]

سے منسلک کرنے کے تمام انتظامات مکمل ہو گئے ہیں۔

خواتین سرحد کی رائے دہندگی

پشاور۔ حکومت سرحد آئندہ آئینی حکومت میں خواتین سرحد کے حق رائے دہندگی کے مسئلہ پر غور کر رہی ہے۔ اور بہت جلد اس کے متعلق آخری اعلان کر دیا جائے گا۔

ڈیرہ اسمعیل خان کی امدادی رقم نامنظور

پشاور۔ سرحدی مجلس لیجسلیٹو کونسل کے گذشتہ اجلاس نومبر میں قرار داد پاس کی گئی ڈیرہ اسمعیل خان کی آبپاشی کی موجودہ ابتر حالت کو دور کرنے کیلئے پانچ سال تک ایک لاکھ روپیہ سالانہ دیا جائے لیکن حکومت نے مالی مشکلات کی بنا پر اس وقت انکار کر دیا البتہ آئندہ کی تسلی دی ہے۔

ہری پور کے اسیران سیاسی

ہری پور۔ [illegible] صاحبزادہ عبد الصمد [illegible] جیل ہری پور سے رہا [illegible] ہو گئے ہیں کہ اس وقت ہری پور [illegible] ہیں۔

خان عبد الغفار خان کی صحت

پشاور۔ خان عبد الغفار خان سے حال ہی میں [illegible] جیل اور خان [illegible] خان نے ملاقات کی آپ کی صحت خراب ہو رہی ہے کیونکہ وہاں روٹی پکانے والے گجراتی ہیں۔ جن کا پکا ہوا کھانا خان صاحب کے راس نہیں آیا۔ امید کی جاتی ہے کہ آپ کو پنجاب کی طرف منتقل کر دیا جائیگا۔

سینما کی سیر

ہمارے سینما دیکھنے والے کے قلم سے

موتی محل ٹاکیز۔ کراچی کے اس مقبول عام سینما میں [illegible] بمبئی کی بہترین پکچر نام "جنگل رانی" سافٹری [illegible] ۵ مارچ سے دکھایا جا رہا ہے [illegible] نے پچھلے [illegible] کے [illegible] میں یہ کھیل دیکھا۔ پبلک کی دلچسپی اور پسندیدگی کا یہ عالم تھا کہ دروں میں تل دھرنے کو جگہ خالی نہ تھی۔ زیر بحث فلم نہ صرف نام کی "جنگل رانی" ہے۔ بلکہ یہ نام کی پوری معنویت رکھتا ہے۔ مغرب زدگی کا ہولناک اور فیشن نفس پرستی کا عبرت خیز انجام۔ بلوث محبت کی قربانیاں اور ہندوستان کے ماضی و مستقبل کا سبق آموز موازنہ دیکھنا ہو تو اس فلم کو ضرور دیکھئے۔ جو ہر لحاظ سے اپنے وقت کا بہترین فلم ہے۔

امپیریل ٹاکیز۔ [illegible] کلکتہ کا مشہور و معروف کھیل

عصمت کا موتی

یا

چراغ عرب

۵ مارچ سے چل رہا ہے۔ کھیل کا پلاٹ عشق و محبت، دوستی اور رقص و راگ کے دلچسپ اور [illegible] مناظر سے [illegible] بھرپور ہے۔ [illegible] دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔

سنٹرل سینما۔ [illegible] یا سیمیں ایاز [illegible] چل رہا ہے۔ [illegible]

Yousaf Aziz Magsi Chair

اسلام کے ارکان پنجگانہ پر حکیمانہ نظر

(مولانا ... جواہر ...)

[illegible]

عید مبارک کی خوشی میں شہر میں عام چرچا

کراچی میں ...

سستا ر سنیما

بندر روڈ کراچی

پیش کش

یاسمین یا باوفا عاشق

تاریخ ۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء سے شروع

جس میں

... کی لڑکی وانی

[illegible]

معتبر خبر - جمعہ - ہفتہ - اتوار

عید کے لئے ... اور ... ہول ...

... پارسیل کے تہوار کے لئے ...

عید کا خاص پروگرام

... اور ... صبح

... سات بجے شام اور ... دس بجے رات

تمام کنسیشن

اور پاس بالکل بند ہیں۔

امپیریل کنیر

بندر روڈ کراچی

عصمت کا موتی یا چاند عرب

۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء سے شروع

جس میں

[illegible]

جمعہ - ہفتہ - اتوار

عید کے لئے ...

عید کا خاص پروگرام

... اور ... دس بجے رات۔

تمام کنسیشن اور پاس بالکل بند ہیں۔

موتی محل ٹاکیز مشن روڈ کراچی

عید مبارک!

موتی محل ٹاکیز مشن روڈ کراچی

جمعہ تاریخ ۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء سے شروع

بالکل نیا　کراچی میں پہلی مرتبہ　بالکل نیا

جمعہ تاریخ ۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء سے شروع

خاص مسلمان بھائیوں کی عید کی خاطر

[illegible] بالکل نیا پہلا اردو ناٹک [illegible]

آجکل یا سنہری لہر

افسانہ اور [illegible] جس میں ماسٹر نثار [illegible] شانتا کماری۔ غلام محمد۔ [illegible] نہایت پر لطف اور جانفشانی سے کام سر انجام دیئے ہیں۔

کل۔ آجکل [illegible] ہندوستان [illegible]

سے ایک خاص قالب میں ہماری زندگی [illegible] ہے اور اس کے لئے جدید تہذیب موزوں ہے۔

معزز ناظرین! "آجکل" کا شمار ان فلمی افسانوں سے تعلق [illegible] جنہیں محض شہرت کی بنا پر شاہکار کہا جا سکے۔ افسانہ خواہ مذہبی ہو یا تاریخی، معاشرتی ہو یا مزاحیہ اب تک جو تیار کئے جا چکے ہیں۔ قریب قریب ایک ہی رنگ میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ [illegible] "آجکل" کو گذشتہ سے کوئی سروکار نہیں۔ "آجکل" وہ تو واقعات سے لبریز ہے۔ ہماری موجودہ معاشرت کی ہو بہو تصویر ہے۔ آ کر موتی محل میں ملاحظہ فرمایئے اور ہماری محنت کی داد دیجئے۔ روزانہ کھیل سات بجے شام اور اس کے بعد [illegible] جمعہ، سنیچر اور اتوار کو دن کے چار بجے۔ زری پاس [illegible] بالکل بند

برسوں کا پرانا آزمودہ گار

ہمارے یہاں [illegible] مرض [illegible] سوزاک [illegible] مردمی [illegible] جلق۔ درد گردہ [illegible] یرقان [illegible] ذیابیطس کی مجرب نسخوں سے علاج باقاعدہ کیا جاتا ہے۔

[illegible] آنے کے ساتھ ایک [illegible] ٹکٹ روانہ کریں۔ مکمل [illegible] رسالہ کی جاوے گی۔ [illegible] ایک بار ضرور [illegible]

حکیم ڈپٹی چند مالک [illegible]

پنجابی دواخانہ جونا مارکیٹ کراچی

رسیکوہ

قیمت [illegible]

چھپ کر تیار ہے

[illegible] صفحات پر مشتمل ہے۔ مصنف کی عکسی تصویر بھی ہے۔ اس کے ساتھ کوئی ۳۲ صفحوں کی بلوچستان اور قومی تحریک پر نثر بھی ہے۔ غرض بہر حال قابل دید ہے۔ باوجود تمام خوبیوں کے قیمت صرف آٹھ آنہ ہے۔

ملنے کا پتہ

دفتر "نجات" مہاراشٹر روڈ۔ کراچی

(ریسنل [illegible])

مسلم کیپ ہاؤس

جونا مارکیٹ کراچی

پروپرائٹر عبدالرشید جان

ہمارے پاس ہر قسم کی ترکی۔ مشہد [illegible] کمال۔ [illegible] ٹوپیاں ہر خرنے کی [illegible] مشہدی اور پشاوری کلاہ مل سکتے ہیں۔ ہر طرح کے اصلی اور نقلی کلاہ عمدہ اور بارعایت مل سکتے ہیں۔

نوٹ

غیر مقامی گاہک ایک نمٹ قیمت پیشگی بھیجکر ہم سے مال منگا سکتے ہیں۔

Regd No. 610
رجسٹرڈ نمبر ایس ۹۰
اس دورِ مستبد سے وطن کو نجات دے
تو اپنی جان پہ کھیل کر اس کو حیات دے

نجات

مدیر مسئول
غلام محمد دریا خان

دبیر خصوصی
نسیم تلوی

شرح چندہ
سالانہ ... تین روپے
ششماہی ... [illegible]
سہ ماہی ... [illegible]
امراء سے ... [illegible]

سندھ اور بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت

جلد ۱ | کراچی یوم ... ۱۷ ذوالحجہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۳ مارچ ۱۹۳۵ء | شمارہ ۱۷

خستگیٔ وطن کا راز پنہاں

(از علی محمد علی زئی)

گلستانِ بلوچستاں کے حق میں ہیں چالاک دہقانی
کہ اس کی ہو گئی ہیں بلبلیں محبوس زندانی
نہ داناؤں کے حق میں ہے نہ نادانوں کے حق میں ہے
عجب ہے گردشِ گردوں کی یہ گردش دورانی
بلوچستانیوں کی یا الٰہی ایسی حالت کیوں؟
وطن ایک اور ملت ایک ولیکن سب پریشانی
ہمارے محبت کے گیسو لہلہاتے ہیں روشِ دشمن پر
یہ کیسی بے حیائی ہے سب سمجھی ہے نادانی
زمانے کی نسل پرودی کی یہ علامت ہے
کہ بدکاروں، بخیلوں کو ہوئی ہے دولت ارزانی
مرے لئے سینۂ آدم بہا ہیں خون کے آنسو
گلستاں زار ہو جائے بلوچستاں کی ویرانی
فضا کا اقتضا ہے اے علی کہ برملا کہہ دے
زباں پہ اب وطن کی خستگی کا راز پنہانی

آزادیٔ وطن کی واحد سبیل

(از نصیر ڈگرمینگل)

کفر سے ملت کو دور ہوں نور ایماں چاہئے
کشتی بے بادباں کو فضل یزداں چاہئے
چاہتے ہیں ہم کہ کاٹیں [illegible] کی جڑیں
یعنی ہم کو پیروی درسِ قرآں چاہئے
حریت کی محبتیں [illegible]
ہاں ہر ایک منانا عید قرباں چاہئے
جیل بن جائے محل آئیں ہتھکڑی اور کڑے
[illegible] سیلاب میں کچھ ایسا طوفاں چاہئے
گرچہ ہم بیدار ہیں پر راستہ ملتا نہیں
[illegible] سینہ تنہا چاہئے
کون کہتا ہے کہ ہم کچھ کر نہیں دکھلائیں گے
[illegible]

کونسا عقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا نصیر
کام کرنے کو جوانمردی و ایماں چاہئے

340

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نجات

۲۳ مارچ ۱۹۳۵ء

بلوچستان میں حکومت کے تشدد کے خلاف زبردست احتجاج

اسمبلی میں حکومت کو شدید شکست

گزشتہ ہفتہ بجٹ بحث کے دوران [illegible] احمد ہارون نے بلوچستان میں حکومت کے تشدد کے خلاف ایک سو روپے کی تحریک [illegible] پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں ایوان اور حکومت کو بتلا دینا چاہتا ہوں کہ بلوچستان [illegible] حکومت بے پناہ مظالم توڑ رہی ہے۔ وہ لوگ زمانے کے روش بروش چلنا چاہتے ہیں [illegible] وہاں کی حکومت انہیں ایسا کرنے نہیں دیتی۔ تقریر اور تحریر کی آزادی یکسر مفقود ہے۔ [illegible] عام قسم کے شہری اور فطری حقوق سے محروم ہیں۔ علاوہ ازیں بلوچستان کے [illegible] نہیں پسند اور عزیز رہنماؤں خان عبدالصمد خان اچکزئی اور میر عبدالعزیز [illegible] کو صرف چند اصلاحی تقاریر اور مضامین کی پاداش میں سزائیں دی گئی ہیں۔ حالانکہ اس قسم کی تقاریر یا مضامین جو کچھ تھا بلوچستان سے باہر ہوا ہے۔ اس پر حکومت کے سیکرٹری مسٹر مٹکاف نے کہا کہ اگرچہ میر عبدالعزیز خان ریاست کے باشندے [illegible] اور ان کی گرفتاری اور سزایابی سے حکومت کو تعلق نہیں۔ تاہم جہاں تک ان کے مقدمہ کی کارروائی اور فیصلے کا تعلق ہے ان کے ساتھ کسی قسم کی بے قاعدگی نہیں ہوئی۔ اسی طرح میں نے حال ہی میں خان عبدالصمد خان کے مقدمہ کو بغور مطالعہ کیا ہے۔ اور میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ وہاں کے موجودہ قانون کی رو سے ان کے ساتھ بھی کوئی بے انصافی نہیں کی گئی۔ نیز تقریر اور تحریر کی پابندیوں کے متعلق میں نے ابھی پچھلے دنوں وہاں کی حکومت سے بحث کی ہے اور میں ایوان میں کامل یقین کے ساتھ اس بات کو کہتا ہوں کہ وہاں اب جلسوں کے لئے کسی قسم کی بندش نہیں۔ جن کی کارروائی ہندوستان کے قانون کے خلاف نہ ہو اور اخباری پروپیگنڈے کی نسبت اگرچہ وہاں کی حکومت کا خیال ہے کہ جس ذہنیت کے لوگ وہاں رہتے ہیں ممکن ہے ان کے جذبات مشتعل ہو جائیں۔ اور ایک قسم کی بدامنی پھیل جائے۔ اس لئے وہ چاہتی ہے کہ اس قسم کے اخبار کی روک تھام کے لئے پابندیاں عاید کی جاویں۔ لیکن حکومت ہند کی خواہش کے مطابق گورنر جنرل کے ایجنٹ مروجہ پریس ایکٹ کو قبول کرنے پر آمادہ ہو گئے ہیں۔

مسٹر مٹکاف یہاں تک ہی کہنے پائے تھے کہ صاحب صدر نے [illegible] رائے شماری شروع ہو گئی اور [illegible] کے مقابلہ میں [illegible] آراء کی کثرت سے حکومت کو شکست ہوئی۔

مندرجہ بالا مختصر مگر حقائق پر مبنی روئیداد سے ثابت ہے کہ بدنصیب بلوچستان پر کیسے مظالم توڑے جا رہے ہیں اور جن کے خلاف بلوچستان میں بالخصوص اور [illegible] میں بالعموم غم و غصہ کی لہر دوڑی ہوئی ہے۔ وہ حرف بحرف صحیح ہے۔ [illegible] روئے زمین پر ایک بلوچستان ہی ایسا بدبخت خطہ ہے۔ جہاں کے باشندے اپنے فطری حقوق تک سے محروم ہیں۔ پریس اور پلیٹ فارم کی عملی صورت [illegible] ان کا اس سرزمین پر نام لینا بھی ایسا گناہ ہے جسے وہاں کی حکومت کسی صورت میں نہیں بخش سکتی۔ جرگہ سسٹم کی خودسری اور خودسرائی نے انصاف [illegible] کے دامن کو ہمیشہ کے لئے داغدار بنا رکھا ہے۔ میونسپلٹیاں لوکل بورڈس [illegible] سمال ٹاؤن کمیٹیوں کے نہ ہونے نے عوام کی اصلاح کا دروازہ بند کر رکھا ہے۔ الغرض اس دقیانوسی اور رجعت پسندانہ قسم کی طرز حکومت نے ایسی روش اور قسم کی حکمت عملی اختیار کر رکھی ہے جو حد درجہ نامعقول ہے۔

حکومت کے فارن سیکرٹری مسٹر مٹکاف نے اگرچہ حکومت کو بے گناہ ثابت کرنے کے لئے اپنے تمام زور صرف کر ڈالے۔ لیکن ہندوستانی نمائندوں کی اکثریت نے بانگ دہل بتلا دیا کہ حکومت کا رویہ نادرست ہے۔ مسٹر مٹکاف کا بیان ہے کہ وہاں جلسوں پر کسی قسم کی پابندی نہیں۔ حالانکہ حقیقت بالکل اس کے برعکس ہے۔ کیونکہ اگر مسٹر مٹکاف کا بیان ٹھیک ہوتا تو بلوچستانیوں کو کیا پڑی تھی کہ وہ بلوچستان اینڈ آل انڈیا بلوچ کانفرنس سندھ میں منعقد کرتے۔ جبکہ اس کی [illegible] اور اس کی روئیداد نہ صرف آئین کے مطابق [illegible] بلکہ حد درجہ معتدل تھی۔ [illegible] کے متعلق جو کچھ بھی کہا گیا ہے۔ اس میں شمہ بھر بھی صداقت نہیں۔ [illegible] حکومت کے ایجنٹ گورنر جنرل کا یہ کہنا کہ اخباری پروپیگنڈہ وہاں کے لوگوں کو مشتعل کر دے گا۔ اور بدامنی پھیل جائیگی۔ اور بھی افسوسناک ہے [illegible] صورت میں ہندوستانی اخبارات کے وہاں تقسیم ہونے سے [illegible] پھر انہیں کوئی تو کوئی وجہ نہیں کہ بلوچستان سے شائع ہونے والے اخبارات وہاں [illegible] بدامنی پھیلا دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ وہاں کی حکومت کا [illegible] پریس ایکٹ کو قبول کرنے کی آمادگی صاف بتلا رہی ہے کہ حکومت کا یہ بہانہ عذر گناہ بدتر از گناہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں بلوچستان کے رہنماؤں کی گرفتاری اور سزایابی [illegible] افسوسناک طور پر حکومت کو حق بجانب ٹھہرانے کی کوشش کی گئی ہے [illegible] حکومت کی ہٹ دھرمی اور اس کے [illegible] کا یہ عالم ہے [illegible] بیانات زبان حال سے کہہ رہے ہیں [illegible] کا احساس ہو گیا ہے اور وہ اس میں ایک خوشگوار [illegible] پیدا کرنے کیلئے آمادہ ہو گئی ہے۔ ایسے حالات میں ہمیں بھی توقع رکھنی چاہیئے کہ [illegible] حکومت بلوچستان [illegible] باشندوں کی [illegible] اور فوری مطالبات [illegible] رکھے گئے ہیں۔ تسلیم کر کے حالات کو [illegible] اور خوشگوار بنانے کی کوشش [illegible]

ہم آخیر میں [illegible] مبارکباد ادا [illegible] اپنے وطن کی انتہائی [illegible] اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ انہوں نے صحیح معنوں میں عوام کے [illegible] کی ہے۔ جن کے صرف بلوچستان کے باشندے بلکہ ہندوستان [illegible] ہو جائے وہ ہندو یا مسلمان، سکھ ہے یا عیسائی جسے ہندوستان [illegible] مشکور ہے۔ ہم اسمبلی کے ان ارکان کے تہ دل سے [illegible] کا ساتھ دے کر ملک پر احسان عظیم کیا ہے۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

جرگہ کے خلاف عام تڑپ

ہم اتنا بالکل ظاہری وضاحت کے مقالہ میں سرشار من کمشنر کو چیلنج دے چکے ہیں کہ صرف چند نوجوان ہی نہیں بلکہ بلوچستان کے طول و عرض میں جرگہ کے منا... مظالم کے خلاف ہیجان کی لہر پیدا ہو چکی ہے۔ ...

نواب محراب خان بگٹی کے مظالم کی صدائے بازگشت

نواب زادہ میر عبدالرحمٰن خان بگٹی عذاب میں

چیف کمشنر صاحب بلوچستان توجہ فرماویں

Yousaf Aziz Magsi Chair

بلوچستان کی سرکاری ملازمتیں اور بلوچستانیوں کے حقوق

اسمبلی میں سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون کے استفسارات

اس قوم یا خاندان کو خارجی فریق قرار دیکر نواب مگسی کی لغت بنانے کے لئے بیتاب ہو رہا ہیں۔ ہمارے خیال میں نہ ایسا معاہدہ ہوا ہے اور نہ ایسا عہد نامہ اور نہ اعلان ہو سکتا ہے۔ اس لئے ہم چیف کمشنر بلوچستان سے کہیں گے کہ اب حد ہو چکی ہے اس سے زیادہ میر عبدالرحمن خان کیا برداشت کرینگے نوابزادہ کو ایسی مخدوش حالت تک پہنچا دیئے ہیں کہ جو اب نہیں رکھنا چاہئے نواب مگسی اور انکے صاحبزادے کے تمام معاملات کو سلجھا دینا چاہئے۔ [illegible] ترقی کے زمانے میں [illegible] امام صفید پوش [illegible] نہیں ہے [illegible] ایک نوابزادہ [illegible] کی شان [illegible] میر عبدالرحمن خان کا ذاتی خیال [illegible] ملازمین اور ان کے بیوی بچوں [illegible] صاحب کے بالکل قریبی رشتہ دار [illegible] تعداد [illegible] ہے۔ اس تعداد انسانی جانوں کے کفیل کو قلت قوت کے شکنجہ میں کس دینا انہی جانوں کے اتلاف کے مترادف ہے۔

ہم پُر زور طریق سے [illegible] کیساتھ چیف کمشنر بلوچستان کو اقامت سول کے نام پر اپیل کریں گے کہ حالات کی اہمیت کا اندازہ کرتے ہوئے نواب مگسی کے اس ناروا جب روپیہ کا احتساب کیا جائے اور میر عبدالرحمن خان مگسی کے لئے کم از کم یا نصف روپیہ کا وظیفہ مقرر کرا دیا جائے۔ اور ایک معقول رقم یکمشت دلائی جائے تاکہ نوابزادہ موصوف اپنے قرض ادا کر سکیں اور دیگر ضروریات پوری کر سکیں۔

نوابزادہ صاحب بلوچستان کے نوجوانوں میں اپنی تعلیمی قابلیت۔ دانشمندی۔ روشن خیالی۔ سنجیدگی۔ خوش خلقی اور معقول گوئی میں عدیم المثال شخصیت رکھتے ہیں۔ آپ کا علمی ذوق اور ادبی ذوق بھی کم از کم بلوچستان کی سرزمین میں اپنی نظیر آپ ہے۔

سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون:-

(ا)- کیا حکومت بلوچستان کی سرکاری ملازمتوں کے سلسلے میں وہاں کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ترجیح دینے کیلئے آمادہ ہے؟

ب- کیا حکومت اس بات کے لئے تیار ہے کہ وہ بلوچستانیوں کو براہ راست صوبہ بلوچستان کے اعلیٰ عہدوں کے لئے بھرتی کرے؟

ج- کیا حکومت اس بات کے لئے تیار ہے کہ صوبہ بلوچستان کی سرکاری ملازمتوں کا ایک خاص فیصدی حصہ [illegible] کے لئے وقف کرے [illegible] کی پوری پوری حفاظت [illegible]

د- کیا حکومت [illegible] کو برٹش بلوچستان کی [illegible] عہدوں کے لئے [illegible] آمادہ ہے؟

ہ- کیا حکومت کو اس بات کا علم ہے کہ پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ میں بالخصوص اور فوج میں بالعموم بلوچستانیوں کی بھرتی بہت کم ہے؟ اگر ایسا ہے تو کیوں؟

س- کیا حکومت بلوچستانیوں کو وہاں کی پولیس کے اعلیٰ عہدوں کے لئے بھرتی کرنے پر آمادہ ہے؟

مسٹر مٹکاف فارن سیکرٹری:-

(ا)- وہاں کی حکومت حتی الوسع ملکی تعلیم یافتہ نوجوانوں کو بھرتی کرتی ہے

ب- لیکن اعلےٰ عہدے اگرچہ ترقی کے طور پر دیئے جاتے ہیں تاہم اگر کوئی ایسی آسامی خالی ہو۔ اور اس کے لئے کوئی اہل ملکی آدمی مل جائے تو وہ عہدہ یقیناً اسکو دیدیا جائیگا۔ کیونکہ غیر ملکیوں کے مقابلہ میں اس کو ترجیح دیجائیگی۔

ج- بلوچستان میں تین بڑی بڑی قومیں بلوچ پٹھان اور براہوی رہتی ہیں اس لئے ملازمتوں کا کوئی خاص فیصدی حصہ وقف کرنا حکومت کے لئے مشکل ہے۔ ویسے غیر ملکیوں کے مقابلے میں ان قوموں کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ترجیح دیجاتی ہے

د- برٹش بلوچستان میں کوئی لیوی کور نہیں۔ مکران اور چاغی لیویز کور کے تقریباً تمام سپاہی بلوچ اور براہوی ہیں اور اسی طرح اڈمنسٹریشن کے تمام عہدے بھی ملکی لوگوں کو ملے ہوئے ہیں

ہ- ہندوستانی فوج میں کئی بلوچستانی بھرتی کئے گئے تھے۔ لیکن وہ مفید ثابت نہ ہو سکے کیونکہ ان میں سے اکثر فوج سے بھاگ گئے اس لئے حکومت نے ۱۹۲۵ء سے انکی بھرتی کو بند کر دیا۔

ضمنی سوالات

سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون:-

کیا یہ حقیقت ہے کہ اس وقت ہندوستانی فوج میں بلوچی رجمنٹ ہیں اور ان کے لئے [illegible] بھرتی کئے جا سکتے ہیں؟

مسٹر مٹکاف فارن سیکرٹری:-

مجھے افسوس ہے کہ میں [illegible] پورے طور پر جواب نہیں دے سکتا کیونکہ سوال فوج کے محکمے سے متعلق ہے اور اسی محکمے سے ہی پورا جواب حاصل کیا جا سکتا ہے۔ میں صرف اس قدر جانتا ہوں کہ سندھ میں رہنے والے بلوچوں کو ضرور بھرتی کیا جاتا ہے

سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون:-

لیکن میرا سوال سندھ کے بلوچوں کی بابت نہیں۔ میں بلوچستان کی قوموں کے متعلق پوچھ رہا ہوں کہ پہلے تو بلوچی رجمنٹوں کے لئے وہاں سے سپاہی لئے جاتے تھے اور اب کیوں بند کر دیا گیا ہے۔

مسٹر مٹکاف فارن سیکرٹری:-

میں اپنی معلومات کی رو سے پہلے بتلا چکا ہوں اور یہ بھی بیان کر چکا ہوں کہ ان کی بھرتی کیوں بند کر دی گئی ہے۔

مسٹر ابراہیم ہارون جعفر:- کیا یہ درست ہے کہ ڈیپارٹمنٹل قرارداد کی رو سے مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں کا پچیس فیصدی حصہ ملتا ہے اس کا اطلاق وہاں کے بلوچوں پر بھی ہوگا۔

مسٹر مٹکاف فارن سیکرٹری:-

میں چاہتا ہوں کہ مجھے اس سوال کے پوچھنے کیلئے باقاعدہ نوٹس دیا جائے تاکہ میں اس کا پورا جواب دے سکنے کے قابل بن سکوں۔

سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون:-

کیا یہ حقیقت ہے کہ حکومت بلوچستانی اقوام کو بہادر اور وفادار تسلیم کرتی ہے؟ اگر ایسا ہے تو وہ کونسی وجوہات ہیں جو انہیں فوجی رجمنٹوں میں بھرتی ہونے کے نااہل بناتی ہیں

مسٹر مٹکاف:- میں صرف اتنا جانتا ہوں کہ ان لوگوں کی بہت بڑی تعداد بھاگ گئی تھی۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ اسکے ساتھ ساتھ دوسری وجوہات بھی ہوں۔ اگر آنریبل ممبر تفصیلات چاہتے ہیں تو وجوہات حاصل کرنے کیلئے ایک علیحدہ سوال پوچھنے چاہئیں۔

[illegible] میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ وہاں کی حکومت سرکاری ملازمتوں کے لئے حتی الوسع [illegible] نوجوانوں کو بھرتی کرتی ہے۔ [illegible] لئے وہ ایسا کرنے کیلئے [illegible] اس مطلب کے لئے ملکی نوجوان [illegible] ہو سکیں۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

بلوچستان کے نامہ نگاروں کی اطلاعات

نواب محمد یوسف علیخان مگسی یوسف آباد میں

یوسف آباد۔ نواب محمد یوسف علیخان مگسی [illegible] والی لس ریجیف کمشنر سے ملاقات کرنے کے بعد [illegible] مارچ کو روانہ ہو کر سکھر [illegible] روز [illegible] بعد شہداد کوٹ کی راہ سے یوسف آباد تشریف لائے آپ کا [illegible] کے بعد [illegible] تشریف لائے ہیں۔ آپ [illegible] اور ہفتہ عشرہ ٹھہرنے کے بعد آپ کوئی پروگرام بنائیں گے۔

سردار میر میاں خان کرد کا انتقال

ڈھاڈر۔ خان بہادر سردار میر میاں خان کرد کافی عرصہ علیل رہ کر ۱۰ مارچ کی رات کو اس دار فانی سے رحلت کر گئے۔

انا للّٰہ و انا الیہ راجعون

دعا ہے کہ خداتعالیٰ آپ کو جوار رحمت میں جگہ دے۔ آپ کو جنت سے بہار بنایا گیا ہے۔ اس سانحہ ارتحال نے آپ کی قوم اور لواحقین کو بے حد الم ناک کر دیا ہے۔

میر یعقوب خان اور میر یار محمد خان میں رسہ کشی

ڈھاڈر۔ خان بہادر سردار میاں خان کرد کی جانشینی کا مسئلہ بہت پیچیدہ اور خطرناک صورت اختیار کر رہا ہے آپ کی سرداری کے آپ کے دو خلف الرشید میر یعقوب خان اور میر یار محمد خان امیدوار ہیں۔ قوم کے معتبرین اور سردار خیل بٹ گئے ہیں۔ کچھ میر یعقوب خان اور کچھ میر یار محمد خان کے حق میں ہیں۔ عمر میں میر یعقوب خان بڑا ہے۔ لیکن طرفداروں کی پارٹی میر یار محمد خان کی زبردست ہے۔ دیکھیں کیا فیصلہ ہو۔

نیابت لہڑی کے اکیس ہزار روپے کی گمشدگی

لہڑی۔ نیابت لہڑی سے اکیس ہزار روپے گم ہو چکے ہیں۔ اطلاعات یوں بیان کی جاتی ہیں کہ منشی عبدالرحمٰن سابق جانشین مستونگ اور منشی نور محمد [illegible] صاحب نائب وزیر [illegible] کے نیابت لہڑی میں محاسبی [illegible] کام [illegible] رہتے ہیں۔ [illegible] اکیس ہزار روپے [illegible] کا حساب [illegible] وزیر اعظم کے دفتر [illegible] اور منشی نور محمد کے نام [illegible] روپے کی رقم اپنی اپنی [illegible] سے [illegible] ہو۔ اور نیابت لہڑی میں [illegible] کی زیر نگرانی رہو۔ اگر تم سب نے اپنی اپنی صفائی نہ پیش کی تو سرکار قلات کی طرف سے تم دونوں پر اکیس ہزار روپے کے غبن کا مقدمہ دائر کیا جائے گا۔

پولیٹیکل ایجنٹ اور وزیر اعظم کا لہڑی کا دورہ

سبی۔ اطلاعات مظہر ہیں کہ پولیٹیکل ایجنٹ اور وزیر اعظم قلات لہڑی پہنچ گئے ہیں۔ گمان کیا جا رہا ہے کہ اکیس ہزار روپے کی غبن شدہ رقم کی تحقیقات کرنے کے سلسلہ کا یہ دورہ ہے۔

حاجی خان اور محمد امین کے عہدہ سواری کا انتقال

فورٹ سنڈیمن۔ جمعہ سلطان اور محمد یار کے فوت ہو جانے کے بعد انکی لیویز سواری کی آسامیاں خالی ہو گئی ہیں اور علی شاہ نے ان آسامیوں کو حاجی خان اور محمد امین کے نام منتقل کرنے کے لئے درخواست دی ہے۔ سررشتہ تحصیل سے یہ حکم جاری ہوا ہے کہ جب سلطان اور محمد یار کے ورثاء کو علی شاہ کی اس درخواست پر کسی قسم کا اعتراض ہے یا نہیں؟ اگر یہ نوکری شکور کے نام درج ہے تو علی شاہ اصل میں مبارک کی نوکری کس کی لیتے ہیں اور مقبل رسول خان کام کر رہا ہے علی شاہ کو وہ نوکریاں کب سے ملی تھیں؟

نواب جہلاوان ماشکیل کے گرد و نواح میں

نوشکی۔ اطلاعات مظہر ہیں کہ نواب حبیب اللہ خان نوشیروانی آف خاران [illegible] کو بعض اہم ارادات کے ماتحت ماشکیل کے گرد و نواح کی طرف گیا ہے حاجی [illegible] خان جمالدینی اور حاجی محمد کریم خان [illegible] بھی [illegible] گئے ہیں۔ [illegible] کا [illegible] راز میں ہے اصل حالات [illegible] کا انتظار کیا جا رہا ہے۔

نصیر الدین کے وزیر بننے کی افواہ

بیلہ۔ یہ خبر بڑے زور و شور سے مختلف حلقوں میں گشت لگا رہی ہے کہ ریاست لس بیلہ کی وزارت مسٹر نصیر الدین احمد سابق پرائیویٹ سکریٹری ہز ہائی نس قلات کو سونپی جا رہی ہے۔ اس خبر سے شہر میں ہیجان پیدا ہو چکا ہے کہ جو شخص پرائیویٹ سکریٹری کی خدمات ہز ہائی نس کی مرضی کے مطابق سرانجام نہ دے سکا ہو وہ ایک ریاست کی وزارت ایسے ذمہ دار عہدے کو کیسے سنبھال سکیگا۔ غیر ریاست لس بیلہ کی مالی پیچیدگی اور بلوچستان میں موجودہ پیدا شدہ حقوق طلب حضرات طلب فضا متقاضی ہیں کہ ریاست لس بیلہ کی وزارت مسٹر نصیر الدین ایسے غیر ملکی کو نہ دی جائے بلکہ ملک محمد یعقوب خان اچکزئی سابق نائب وزیر مکران کو دیجائے جو نہ صرف ملکی ہیں بلکہ ان علاقوں میں رہ چکے ہیں۔ اس طرف کی زبان۔ خو بو سے روشناس ہونے کے علاوہ اپنی خوش انتظامی کی وجہ سے پبلک میں ہر دلعزیز بھی ہیں۔

ملک معظم کی سلور جوبلی اور بلوچستان کے سیاسی قیدیوں کی متوقع رہائی

کوئٹہ۔ ان دنوں یہاں کے سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں میں اس خبر پر یقین کیا جا رہا ہے کہ ملک معظم کی سلور جوبلی کے موقع پر بلوچستان کے سیاسی قیدی خان عبدالصمد خان اچکزئی اور میر عبدالعزیز خان کرد کو غیر مشروط طور پر رہا کر دیا جائے گا۔

نوابزادہ میر عبدالرحمٰن خان الحاجانان خنداب افسران متعلقہ فوری توجہ کریں

سبی۔ نوابزادہ میر عبدالرحمٰن خان نواب [illegible] خان خنداب جگی کے بڑے صاحبزادے ہیں۔ [illegible] عرصہ سے باپ بیٹے کے درمیان [illegible] آپ پر طرح کی غلط فہمیاں [illegible] آپ کو خرچ میں جاری [illegible] پیدا [illegible] طرف [illegible] تھے۔ پھر دو سو [illegible] ملتے [illegible] بھی نہیں ملتے۔ آپ کی [illegible] پانے کے علاوہ [illegible] تنخواہ کی وجہ سے انکی حالت نہایت خراب ہو گئی ہے۔ [illegible] انہوں نے [illegible] ہے اور بیٹیوں نے دھوکے بھی [illegible] کر رکھے ہیں۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

صوبہ سندھ کے اہم اور دلچسپ حالات

زنا بالجبر کے جرم میں گرفتاری

کراچی ۱۷ مارچ - [illegible] بندر کی دکان واقع بندر روڈ ایکسٹینشن پر ایک نیفرنی [illegible] مانگنے گئی - کھیم چند نامی ایک [illegible] دکان پر موجود تھا - وہ نیفرنی کو [illegible] دکان کے اندر [illegible] نیفرنی نے باہر [illegible] اس نوجوان کو گرفتار کر لیا [illegible]

کونسل الیکشن کی بے قاعدگیاں

بمبئی کونسل میں مسٹر محمد [illegible] نے ایک سو روپیہ کی تحریک تخفیف پیش کرتے ہوئے کہا کہ کونسل الیکشن کے سلسلے میں امیدوار بہت سی بے قاعدگیوں کے مرتکب ہوتے ہیں - اور بالکل غلط طور پر ووٹش ریکارڈ کئے جاتے ہیں - پولنگ پر ووٹش باقاعدہ کیا کرتے ہیں - چونکہ امیدوار جانتے ہیں کہ ووٹش ہر وقت حریف کے [illegible] جا سکتے ہیں اس لئے انہیں رائے عامہ کو اپنے حق میں کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی - حکومت کے ہوم ممبر نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ مسٹر [illegible] کا بیان حرف بحرف صحیح ہے - لیکن پورے انتظامات کیلئے بہت بڑے فوج کی ضرورت ہے

قلات کے چند براہوئیوں کی گرفتاری

کوئٹہ - قلات کے چند براہوئیوں کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ یہ براہوئی ۱۳ گائے بیل چوری کر کے چلے گئے - پولیس کو اطلاع ہوئی اور اس نے [illegible] سمیت گرفتار کیا ہے - باقی براہوئیوں نے بھاگ کر

بلوچستان میں کوٹھڑی پولیس کے خلاف دعوے دائر کر دیا ہے - بلوچستان کی پولیس خط و کتابت کر رہی ہے -

پرنسپل ایم سہانی کے خلاف درخواست

کراچی - مسٹر گدومل نے کونسل بمبئی میں سوال کیا کہ پرنسپل ایم سہانی نے رام باغ میں فرقہ وارانہ منافرت پیدا کرنے کی تقریریں کی ہیں اس کے اس رویہ کے خلاف مسلم ویلفیئر نے حکومت کو درخواست کی ہوگی ؟ کیا حکومت بتلا سکتی ہے کہ وہ پرنسپل سہانی کے خلاف کیا قدم اٹھائیگی

[illegible] ایڈیٹر ستارہ سماچار کو

کراچی - [illegible] ایڈیٹر [illegible] سماچار کو کسی مضمون کی [illegible] اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ [illegible] ایڈیٹر مذکور نے رحم کی درخواست کی ہے -

بھائی پرمانند اور بنارسی پنڈت کی سرگرمیاں

کراچی - ۱۷ مارچ - بھائی پرمانند ایم ایل اے صدر آل انڈیا ہندو مہاسبھا نے جو کراچی میں آئے ہوئے ہیں ایک بیان میں کہا کہ جہاں تک مستقبل قریب کا تعلق ہے - کیونکہ کمیونل ایوارڈ ایک طے شدہ چیز ہے - سندھ کے ہندوؤں کی یہ امید کہ علیحدگی سندھ کے متعلق کوئی تبدیلی واقع ہو - ایک امید موہوم ہے -

آپ نے پنڈت مالویہ جیسے اس ارادہ سے اتفاق ظاہر کیا کہ کمیونل ایوارڈ کے متعلق احتجاج کرنے کے لئے ہندوؤں کا ایک وفد انگلستان بھیجا جائے گو کمیونل ایوارڈ میں کسی قسم کی تبدیلی کی توقع نہیں ہے - لیکن برطانوی پبلک پر یہ ضرور ظاہر کر دینا چاہیئے کہ ہندوستان کے لبرل اور دیگر نیشنلسٹ اس فیصلہ کو بالکل پسند نہیں کرتے - اور یہ فیصلہ انصاف کے منافی ہے اگر مستقبل میں برطانوی حکومت اس فیصلہ کے تباہ کن اثرات سے واقف ہوگی تو پنڈت مالویہ کے اس ارادہ کو بھی کچھ تقویت حاصل ہو جائے گی

آپ نے مزید فرمایا کہ اس مجوزہ وفد کی تشکیل ابھی تک نہیں ہوئی - اور ابھی تک پنجاب کے ہندوؤں کے نمائندگان کا بھی انتخاب عمل میں نہیں آیا - اگر سندھ کے قابل ہندو اس وفد میں شامل ہونا چاہیں تو پنڈت مالویہ ان کو نہایت خوشی کے ساتھ شامل ہونے کی اجازت دینگے اس وفد کو چاہیئے کہ وہ انگلستان میں [illegible] برطانوی مدبرین سے [illegible] ہندوؤں نے اس فیصلے کی مخالفت [illegible] اس فیصلے میں ضروری ترمیم پر زور دیا جائے علاوہ [illegible] میں جلسے منعقد [illegible] کے خلاف ملک میں ایک تحریک پیدا کرے

بھائی پرمانند نے دوران بیان میں موجودہ اسمبلی کے متعلق کوئی اطمینان کا اظہار نہیں کیا - آپ نے فرمایا کہ موجودہ اسمبلی میں وہ تناسب نہیں پائی جاتی جو گزشتہ اسمبلی کا طرۂ امتیاز تھی -

بیان کو ختم کرتے ہوئے بھائی جی نے سندھ کے ہندوؤں کو مشورہ دیا کہ وہ باہمی نفاق کو چھوڑ کر متحد ہو جائیں تاکہ وہ اپنے مفادات اور حقوق کی محافظت آسانی سے کر سکیں -

ترفیہ مجروحین فنڈ

کراچی - ۱۵ مارچ - ترفیہ مجروحین فنڈ کی بنیاد قائم کی گئی ہے جس میں ۲۱ کی صبح تک ذیل کی رقم جمع ہو چکی ہے -

(۱) مسٹر جمشید اس پچاس روپیہ (۲) مسٹر اینڈ مسز گبسن پچاس روپیہ (۳) سیٹھ ایشر داس ورندمل سو روپیہ (۴) لعل جی مہر [illegible] سو روپیہ (۵) قاضی خدا بخش ۲۵ روپیہ (۶) حکیم شیخ محمد پچیس روپیہ (۷) شیخ عبد المجید پانچ روپیہ (۸) ڈاکٹر [illegible] پچیس روپیہ (۹) مسٹر سید [illegible] پانچ روپیہ (۱۰) حاتم علوی سو روپیہ (۱۱) احمد یوسف [illegible] دس روپیہ (۱۲) ڈاکٹر سعید پچاس روپیہ (۱۳) ڈاکٹر [illegible] پانچ روپیہ (۱۴) مسٹر عالم گدوانی پانچ روپیہ (۱۵) سیٹھ غلام علی چاگلہ پچیس روپیہ (۱۶) سیٹھ ہری داس لعل جی پچیس روپیہ (۱۷) سید محمد شاہ [illegible] پانچ روپیہ [illegible]

نوٹوں کی شناخت کی علامت

کراچی - گورنمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ اب مسٹر [illegible] کی دستخطوں کے ساتھ جو نوٹ نکلیں گے [illegible] نوٹوں کی ہیئت [illegible] ہوگی صرف [illegible] نوٹوں پر مسٹر [illegible] کے دستخط ہونگے [illegible] جعلی قرار دیئے جائیں گے -

[illegible] جیل میں [illegible] کو دعوت

[illegible] آپ لوگ بھی شرکت کریں -

Yousaf Aziz Magsi Chair

ہندوستان میں واقعات کی رفتار

امیر شریعت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے خلاف مقدمہ

[illegible] الدین محمود کو عدالت میں ۲۳/ مارچ کو طلب کیا گیا ہے

[illegible] معلوم ہوا ہے کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد کی طرف سے حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ میں [illegible] ہونے میں بہت کوشش ہو رہی ہے لیکن [illegible] یہ کوشش کامیاب نہیں ہوئی اور عدالت نے مرزا صاحب کو عدالت میں حاضر ہونے کے لئے احکام جاری کر دیئے ہیں۔ اب معلوم ہوتا ہے کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد کو ۲۳ مارچ کو عدالت میں طلب کیا گیا ہے۔ پولیس کی طرف سے اس دن کے لئے زبردست انتظامات ہو رہے ہیں۔ ان ہر طرح کر سکنے کے لئے بھی خاص طور پر تیاریاں ہو رہی ہیں۔

میں مرزائی نہیں ہوں

ڈاکٹر شیلڈرک کا بیان

گوجرانوالہ ۱۸ مارچ۔ ڈاکٹر صاحب نے شاہی مسجد [illegible] باغ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ سن کر سخت صدمہ ہوا ہے کہ مجھے مرزائیوں نے مسلمان کیا ہے۔ حالانکہ میں ۱۹۰۳ء میں مسلمان ہوا ہوں نہ کبھی مرزائی تھا نہ کبھی ہو سکتا ہوں۔ میں اسلام کو مکمل مذہب سمجھتا ہوں۔ میرا عقیدہ ہے کہ حضرت محمد پیغمبر علیہ السلام کے بعد کسی نبی کی ضرورت نہیں۔ آپ خاتم النبیین تھے۔

سید المنتہی کے موقعہ پر مسلمانوں کی گرفتاریاں

لکھنؤ ۱۹ مارچ۔ [illegible] (ضلع فیض آباد) میں عید قربان کے روز دو مسلمانوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ جن پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی کر کے گائے کی قربانی کا الزام عائد تھا۔ ان کے علاوہ اور بہت سے آدمیوں کو بھی جن کے متعلق یہ خیال تھا کہ وہ گائے کی قربانی کا ارادہ رکھتے ہیں۔ حراست میں لے لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ شہر میں بالکل امن و سکون رہا۔

مالیہ میں تخفیف اور شاہی پنجاب نظر بندوں کو رہا کیا جائے

زمینداران [illegible] کے اہم مطالبات

[illegible] مارچ۔ آج [illegible] ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا [illegible] تقریریں کیں اور [illegible] قرارداد کے ذریعہ مالیہ میں تخفیف کرنے اور شاہی نظر بندوں کو رہا کر دینے اور ان کے مناسب الاؤنس مقرر کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔

قرطاس ابیض کے مسودات برائے اشاعت

نئی دہلی ۱۸ مارچ۔ آج جو قرطاس ابیض کا مسودہ اشاعت کے لئے موصول ہو گیا ہے۔ اس میں حسب ذیل دستاویزیں [illegible]

(۱) قرطاس ابیض کا تعارف۔ مصنفہ وزیر ہند۔

(۲) سر اکبر حیدری کا مکتوب مورخہ ۱۸ فروری بنام سر [illegible] گلینسی جس میں وفد کی کمیٹی کی رپورٹ مندرج ہے۔

(۳) والیان ریاست کی وہ قرارداد جو ۲۷ فروری کو منظور کی گئی۔

(۴) مہاراجہ پٹیالہ و نواب آف بھوپال اور مہاراجہ بیکانیر کا مکتوب مورخہ ۲۷ فروری

(۵) متذکرہ صدر مکتوب کے سلسلہ میں تفصیلی نوٹ۔

(۶) وزیر ہند کی طرف سے حکومت ہند کے نام وہ تار جو ۱۴ مارچ کو ارسال کیا گیا۔

(۷) متذکرہ صدر کے متعلق میمورنڈم

(۸) قرطاس ابیض کی منظوری کے سلسلہ میں آخری ہدایات۔

قبائلی علاقہ میں خاصہ داروں کے مظالم

پشاور ۱۰ مارچ۔ درہ خیبر کے گذرنے والے افراد سے معلوم ہوا ہے کہ علی مسجد اور چورہ [illegible] کی طرف کی تحریک کا مسئلہ ابھی تک سرکاری خاصہ داروں اور [illegible] کرنے والے پٹھانوں کے درمیان باعث نزاع بنا ہوا ہے اور ان میں بدستور جنگ جاری ہے۔ یہ امر حیرت انگیز ہے کہ حکومت اپنے اس اعلان کے باوجود کہ وہ قبائل کی مرضی کے خلاف قبائلی علاقہ میں سڑکوں کی تعمیر نہیں کرے گی۔ بدستور [illegible] کام کئے جا رہی ہے۔ اور [illegible] ان پٹھانوں سے [illegible] سڑکوں کی تعمیر کے راستے میں مزاحم [illegible] تمام راستوں [illegible] ہیں اور دوسری طرف سے آنے والے تاجروں کو گذرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ اور ان تاجروں کو ان کے واحد وسیلہ معاش سے محروم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو قبائلی ٹھیکہ دار یا مزدور سرکار کی سڑکوں پر کام کر رہے تھے۔ ان میں سے اکثر نے کام چھوڑ دیا ہے۔ انگریزی چھاؤنی کے قریب [illegible] کشمیری کام کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ باقی حصہ پر [illegible] پٹھانوں کا قبضہ ہے اور فی الحال تعمیر رک گئی ہے۔ دس اور گیارہ مارچ تک سرکاری خاصہ داروں اور آفریدیوں کی لڑائی کا اثر خیبر کی پختہ سڑک کے قریب بھی پہنچ گیا تھا۔ لیکن ابھی تک آفریدیوں کا رویہ انگریزی چھاؤنیوں کے متعلق بالکل دوستانہ ہے۔

اعلیحضرت نظام دکن و نواب بھوپال کو ہز میجسٹی کا خطاب دیا جائے

مسلمانان باغبانپورہ ضلع لاہور کا اہم مطالبہ

لاہور۔ کل نماز جمعہ سے اول ایک اجلاس زیر صدارت حاجی میاں محمد صادق صاحب رئیس الاعظم منعقد ہوا اور ذیل کی قرارداد پاس ہوئی۔

مسلمانان باغبانپورہ اور متعلقہ دیہات کا یہ اجتماع عظیم ملک معظم حکومت برطانیہ اور حضور وائسرائے ہند سے پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ اعلیحضرت حضور نظام اور اعلیحضرت نواب بھوپال کو ہز میجسٹی کا خطاب اپنی سلور جوبلی کے موقع پر عنایت فرما کر مسلمانان ہند اور بیرون ہند کو ممنون احسان بنائیں۔ محرک۔ حاجی میاں محمد صادق صاحب [illegible] میاں عبدالرحمن اعجاز صاحب [illegible] ڈاکٹر میاں محمد افضل صاحب

[illegible] پریس کی ضبطی

[illegible] پنجاب کے ایک [illegible] نے [illegible] مولانا ظفر علی خان [illegible] سیٹھ [illegible] پریس کی ضبطی [illegible] عدالت [illegible] ذکر کیا تھا [illegible] کے احکام کے اجرا [illegible] لکھا کہ مضامین [illegible] گئے تھے [illegible] قابل اعتراض تھے۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

سینما کی سیر

ہمارے سینما دیکھنے والے کی قلم سے

موتی محل ٹاکیز } گولڈ مہر سٹیٹون کا بے نظیر سوشل فلم دوسرے آج کل عرف سنہری لہر دوسرے کامیاب اور شاندار ہفتے کے طور پر چلائی جا رہی ہے۔ امرائی شرمناک عیاشیاں سرمایہ داروں کے مظالم۔ کسان کی آزاد اور زندگی مزدور کا غلامانہ روزگار۔ مغربی زندگی کے بُرے اثرات کی جیتی جاگتی تصویر دیکھنی ہو تو موتی محل میں تشریف لے جائیے۔ کسان کی ... رومانی کی ہوس پرستی۔ لطیف گانے اور ... رقص ... آج کل میں جمع کر دیئے گئے ہیں۔

سینما ... } یاسین عرف باوفا عاشق کے پچھلے ہفتے ... خاص دلچسپی سے دیکھی رہی ہے۔ جو دوسرا ہفتہ بھی چلایا گیا۔ ہمیں بھی اس کھیل کو دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ کھیل پلاٹ ... گانوں۔ ناچ اور سین سینری کے لحاظ سے عمدہ ... بائی کی اداکاری اور امیر کرناٹکی کے گانے خاص طور ...

امپیریل ٹاکیز } ... خانہ بدوش ... عرف ... ۲۳ مارچ سے دکھایا جا رہا ہے۔ اگرچہ ہم نے ... کھیل کا پلاٹ ... نے رسٹر بازی ظاہر کرتی ... ڈرامہ خالص تشبیہ ہے اور اچھے اچھے مشہور ... نے کام کیا ہے۔

پکچر ہاؤس۔ انل لا ایم اے نے ...

دھوم مچا رکھی ہے۔ مغرب پرستی کا ہولناک انجام بہت ہی عمدہ پیرائے میں دکھایا گیا ہے۔ سلوچنا اور ... نے حیرت انگیز ایکٹنگ دکھائی ہے ہمارے نزدیک کھیل خاصہ سبق آموز ہے۔

فون نمبر ۳۶۰ — مشن روڈ کراچی

موتی محل ٹاکیز

دوسرا شاندار ہفتہ

جمعہ تاریخ ۲۲ مارچ ۱۹۳۵ء سے شروع

گولڈ مہر ساؤنڈ پکچرز کا عام پسند عالی شان سوشل فلم

آج کل عرف سنہری لہر

جس میں ... مسز گوہر، ... غلام محمد ... وغیرہ نے نہایت عمدہ کام کیا ہے

روزانہ کھیل ساڑھے چھ بجے شام اور دس بجے رات کو ... اتوار کو دن کے چار بجے

جمعہ تاریخ ۲۹ مارچ ۱۹۳۵ء سے شروع

... سٹیٹون کا شاندار لاجواب عشقیہ فلم

گلشن عالم

جس میں زبیدہ بانو ... (امر تسر والا) شہزادی ... یوسف ... اور منصور وغیرہ نے حسن و خوبی سے کام سرانجام دیئے ہیں۔

شہرت طبی علاج — کمال صحت

دواخانہ جلالیہ

آتشک، سوزاک، ... کا شرطیہ علاج آتشک کے زخم کیسے ہی شدید کیوں نہ ہوں ایک ہفتہ کے اندر خشک کر دیئے جاتے ہیں۔ سوزاک کیسی ہی خطرناک صورت کیوں نہ اختیار کر لی ہو اولین خوراک سے فائدہ ہونے لگتا ہے ... چوبیس گھنٹے میں بند کر دیا جاتا ہے اگر ہمارے دعوے کے مطابق صحت نہ ہو تو ہر دوائی کی قیمت واپس۔

... گولیاں ... قیمت ۵ روپیہ۔ ... ۳ روپیہ۔ ... ۲ روپیہ

پتہ — دواخانہ جلالیہ مقابل میونسپل ورکشاپ لارنس روڈ کراچی

بارہ خانہ ... مفت ... کراچی ... نجات

امرت دھارا

بیماری تکلیف تشویش ... سے بچنا ہے تو امرت دھارا ہمیشہ پاس رکھو!

نقالوں کے دھوکہ سے بچو ہمیشہ پنڈت ... کی امرت دھارا خریدو

قیمت فی شیشی ... نصف شیشی ... آنہ

مفصل حالات جاننے کے لئے رسالہ امرت ... مفت منگوا لو

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ: امرت دھارا ... لاہور

انگلستان میں ہندوستان

شالامار رسٹورنٹ ۷ وارڈور اسٹریٹ لندن (ڈبلیو ۱)

زیر سرپرستی نواب محمد یوسف علی خاں ...

ہندوستان کے انواع و اقسام کے بہترین۔ لذیذ۔ مرغن کھانے ہر وقت تیار مل سکتے ہیں۔ انگلستان میں ایسا شاندار۔ ارزاں نرخ اور تازہ مال کا ہوٹل نہیں مل سکتا۔ اس کی تعریف کے لئے صرف اس قدر کافی ہے کہ ایک دفعہ کا آیا اور یہیں ٹھہر گیا۔

منیجر

The Shalamar Restaurant 7 Wardour Street London W.1.

Yousaf Aziz Magsi Chair

اقتباسات و مراسلات

بلوچستان کے فوری مطالبات

بلوچستان کے قومی کارکن مسٹر عبدالعزیز ... [illegible]

حکومت برطانیہ کے افراد بھی اپنی انتہا کو ... اس حد تک مجبور ہیں کہ وہ جب تک ان تمام مشکلوں سے نہیں گزر جائیں گے ... [illegible]

... [illegible]

اگر بلوچستان بھی اس چیز کا مستحق ہے جس کا صوبہ سرحد ہے۔ اور اگر بلوچستان کو کسی دکھ دن اصلاحات کا ملنا یقینی ہے تو کیا یہ انسب ہو گا ... آج کیا یہ تمام دستوری اصلاحات ... اور حضرت بلوچستان ایک مسلمان صوبہ کو موقع دیا جائے کہ وہ حکومت برطانیہ کی اس عالی حوصلگی پر اپنے خوشگوار جذبات کا اظہار کریں۔ (رعیت۔ لاہور)

بلوچستان کے مسئلہ پر حکومت کو شکست

صوبہ بلوچستان ... مظالم ... ان کی کیفیت ان کی کانوں میں کسی قدر تفصیل کیساتھ شائع ہو چکی ہے۔ سارے ہندوستان بھی ... [illegible]

حکومت کو شکست فاش ہوئی۔ سرکاری ممبر نے بلوچستان کے متعلق حکومت کی پالیسی کو حق بجانب ثابت کرنے ... تحریک کو ناکام بنانے کے لئے ... کہاں اس قدر نامعقول تھا ... بجا درست ہوگا۔

بلوچستان میں عام جلسوں کی ممانعت اور اظہار رائے پر پابندیوں کے متعلق انہوں نے بتایا کہ ... [illegible]

خداوندان لندن کے وفاداری کا صلہ

سردار میر محمد خان جوگیزئی کی نظربندی

[illegible]

ہیں جو تقریر کی - اس کا اہم حصہ صرف اسی چیز سے تعلق رکھتا تھا - چیف کمشنر نے دنیا پر جو پہلو ظاہر کیا ہے وہ ذیل کے اقتباسات سے واضح ہوگا۔

سردار بختیار خان کو بلوچستان آنے کی کبھی دعوت نہیں دی گئی - اس کے برعکس ہم اس کو دعوت دینے سے ہمیشہ انکار کرتے رہے ہیں - کہ وہ چند شرائط کی پابندیوں کے ساتھ واپس آسکتا ہے - آخرکار ہز ہائی نس کے [illegible] کے ساتھ یہ طے پایا کہ اس سے اس [illegible] فیصلہ کیا جائے کہ آیا وہ ہمیشہ کے [illegible] رہنا چاہتا ہے - یا بلوچستان [illegible] - چنانچہ [illegible] ہز ہائی نس [illegible] قلات نے اس کو [illegible]۔

اس مراسلے کے جواب میں وہ خود [illegible] میں آیا اور ذیل کے معاہدہ پر دستخط کئے ہیں۔

"میں [illegible] میں سرحد پر جانے [illegible] عارضی طور پر خان قلات کے رعیت ہونے کے لئے معافی چاہتا ہوں - اسی لیے بلوچستان میں واپس آنے اور اپنے اراضیات [illegible] میں بحیثیت رستم زئی سردار رہنے کے لئے [illegible] میں اس معاہدہ کا پابند رہوں گا [illegible] بلوچستان [illegible] میں ہوں [illegible] رستم زئی قوم

رئیسانی [illegible] ایک فرقہ ہے اور سردار رستم زئی سردار [illegible] کے ماتحت ہوگا - میں سردار رئیسانی کو بدل و جان اپنا سردار تسلیم کرتا ہوں اور مجھے کوئی تنگ آنے میں کوئی اعتراض نہ ہوگا - میں رئیسانی سردار اور اس کے عزیز و اقارب اور اس کی قوم کے خلاف کوئی مفسدانہ اقدام نہیں کروں گا اور اپنے فرقہ کو ان کے خلاف نقض امن کرنے سے حتی الوسع باز رکھوں گا اس کے لئے میں اپنی جائداد منقولہ و غیر منقولہ بالیت بیس ہزار روپیہ بطور ضمانت مقفول کرتا ہوں - اس تحریر کی رو سے میں افغانستان سے اپنے تمام تعلقات منقطع کرتا ہوں کہ آئندہ ہز ہائی نس خان قلات کا وفا شعار اور تابعدار رعیت رہوں گا۔

سردار بختیار خان کو ان شرائط کے تحت اور ہز ہائی نس قلات و حکومت ہند کے [illegible] مصلحت سے بلوچستان واپس آنے [illegible] رستم زئی سردار رہنے کی اجازت [illegible] میں اس امر کو واضح کرتا [illegible] معاہدہ سے کوئی [illegible] سردار اور میر غوث بخش [illegible] رئیسانی [illegible] میر اللہ یار خان کو [illegible] تھا - اور اس نے اس کے خوش [illegible] تھا کہ رستم زئی رئیسانی کا ایک فرقہ ہے اور

میں بحیثیت سردار رستم زئی سردار رئیسانی کے ماتحت ہوں اور اس کو بدل و جان اپنا سردار تصور کرتا ہوں"
مسٹر [illegible] بندہ رفاقت میں نمائندوں کو [illegible]

غوث بخش خان کے [illegible] کے اصلی حالات اور قوم رئیسانی و فرقہ رستم زئی کے مفصل حالات سے [illegible] کریں گے۔ (نامہ نگار خصوصی)

خلافِ شرع اور تباہ کن رسوم کی دھجیاں فضائے آسمانی میں

اقوام دومڑ کے مقدمات بروئے شریعت طے ہوا کرینگے

خانصاحب حاجی پایو خان کی مبارک سرگرمیاں

اقوام دومڑ زرنجی و ککی ساکنان تحصیل بارکھان [illegible] سجادی و سرانی نے مشترکہ طور پر فیصلہ کر لیا کہ اپنے قدیمی رواج کو جس سے زمانہ جاہلیت کی بو آتی تھی - ترمیم کر کے پورے طور پر پابند قوانین اسلام ہو جائیں چنانچہ انھوں نے درخواست دی کہ موجودہ رواج متعلق شادی - بیاہ - ولور - حق ہمسایہ وغیرہ و جملہ تنازعات اراضی کو منسوخ تصور کیا جاوے اور آیندہ کے لیے مقدمات حسب احکام قرآن و شرع محمدی تصفیہ پائیں - یہ درخواست شاہی جرگہ کے پیش ہوئی شاہی جرگہ نے اس اقدام [illegible] کو لبیک کہکر [illegible] ثبت کر دی - اب

مذکورہ بالا اقوام کے مقدمات میں انصاف کا خون نہ ہو تو خود منصب افسران کریں گے اور مذہبی علماء اور جانبدار سردار - اقوام متذکرہ بالا اور خانصاحب حاجی پایو خان دومڑ جس کی کوشش کا یہ نتیجہ ہے کہ یہ اقوام قابل صد ہزار تحسین و تبریک ہے ہم نہ صرف اپنی طرف سے بلکہ بلوچستان کی تمام مسلمان اقوام کی طرف سے اقوام دومڑ زرنجی و ککی کے نہ صرف معتبرین کو بلکہ بچے بچے تک کو مبارکباد دیتے ہیں یہ بات نہ صرف ہندوستان پر بلکہ دنیا کے تمام مدبرین و سیاستدانوں پر یہ امر واضح کر دیگی کہ بلوچستان میں اصلاحات کے

مسلم سلک ملز
کلاتھ ہاؤس
[illegible]
کلاتھ مرچنٹس مقابل [illegible] ہاؤس بندر روڈ کراچی

ناظرین
[illegible]
انجمن [illegible] جنرل مرچنٹس اینڈ کمیشن ایجنٹس کراچی

ملک اور قوم کی
سچی خدمت
[illegible]

Yousaf Aziz Magsi Chair

ظلم کا صرف رجحانوں کا وہ طبقہ نہیں۔ جس کو سرزمین کیچ و مکران کے سامنے غیر نمائندہ اور بجز و سمو الجماعت تعلق ہے بلکہ بلوچستان کی سرزمین میں کوئی ایک مسلمان نہیں بستا جو جرگہ کے رواجوں کی بجائے شریعت کا نفاذ نہ چاہتا ہو۔ بات یہ ہے کہ بلوچستان ابتک سیاسی محرومی کی وجہ سے اس غیر جرگہ کی مانند ہے جو کہ اپنے احساسات و خواہشات کا اظہار کرتے اور رو تے کر سکتا ہے۔ [illegible] بلوچستانیوں کے [illegible] موقع [illegible] [illegible] قسط ضلع کوئٹہ پشین کی اقوام کی [illegible] درخواست بھیجی جو زیر غور ہے [illegible] تیار کی گئی ہم بھی امید کرتے ہیں کہ [illegible] کے شرفائے [illegible] حکومت سے شریعت اسلامیہ کے نفاذ کا مطالبہ کرینگے۔ نامہ نگار خصوصی

خان عبدالصمد خان اچکزئی کے

مقدمہ کے بعض اہم عناصر

میں سب سے پیشتر اخبارات اور بالخصوص مسلم اخبارات کا [illegible] کے ساتھ شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انھوں نے اپنی صحافتی ذمہ داریوں اور اسلامی اخوت کا پورا احساس کرتے ہوئے بلوچستان کے نامور فرزند خان عبدالصمد خان اچکزئی کی گرفتاری پر اچھے مقالات لکھے ہیں۔ [illegible] کے مشہور [illegible] سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون اور مسٹر شیخ داؤدی کا بھی شکریہ [illegible] شکر گزار ہوں کہ انھوں نے مرکزی حکومت کے ایوان میں خان عبدالصمد خان اچکزئی کی گرفتاری اور سزا پر جرحات کرتے ہوئے [illegible] نہیں کیا لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ ان کو تو اخبارات اور ممبران اسمبلی تک صحیح حالات پہنچائے نہیں گئے۔ اس لئے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ خان عبدالصمد خان اچکزئی کے مقدمہ کے بعض اہم عناصر بیان کردوں

پولیٹیکل ایجنٹ کوئٹہ نے خان عبدالصمد خان اچکزئی کو بلایا تھا۔ چنانچہ ۲۹ جنوری کی صبح کو جب خان موصوف پولیٹیکل ایجنٹ کی ملاقات کرنے کو جارہے تھے تو پولیس کے ایک دستے نے آپکو گرفتار کیا اور سیدھا پشین لایا۔ آپ سے مجسٹریٹ نے ضمانت طلب کی تو آپ نے فرمایا کہ جب میری پہلی ضمانت کی تاریخ ابتک منقضی نہیں ہوچکی تو یہ دوسری ضمانت کیسے لیجا سکتی ہے کیا یہ خلاف قانون نہیں؟ لیکن آپ سے کچھ نہ سنا گیا۔ اس پر خان موصوف نے ضمانت دینے سے انکار کیا لہٰذا آپ کو زیر حراست رکھا گیا۔ آپ نے اس غیر قانونی رویہ کے خلاف پولیٹیکل ایجنٹ کو ایک احتجاجی [illegible] مجسٹریٹ [illegible] لہٰذا [illegible] نے خان موصوف کی [illegible] کہ حکومت کو [illegible] سرگرمیاں اپنے گاؤں اور [illegible] کی اس کو دفعہ ۱۲۴ الف کی زد میں آتی اس لئے میں پوچھتا ہوں کہ [illegible] کے خلاف مقدمہ دفعہ ۴۰ قانون سرحد کی بجائے دفعہ ۱۲۴ الف چلایا جاتا۔ دفعہ ۱۲۴ الف کیلئے اگرچہ جناب [illegible] گورنر کی منظوری ضروری ہے۔ مگر بلوچستان میں یہ ضروری نہیں؟ چنانچہ خان موصوف پر مقدمہ ۱۲۴ الف چلایا گیا۔ [illegible] مقدمہ جرگہ کے [illegible] کیا گیا جو جانتا ہی نہیں کہ قانون کیا ہے۔ دفعہ کیا بلا ہے۔ اور چلایا کیسے جاتا ہے؟ خان موصوف سے کہا گیا کہ صفائی پیش کرو جس پر آپ نے درخواست دی کہ میری تقاریر کی بابت [illegible] کی جائیں کیونکہ مجسٹریٹ نے میرے مقدمہ کی دفعہ کو بدل دیا ہے اور اس کے بعد مجھے ماخوذ کیا نذر گرفتار کیا جائے تاکہ میں گواہ پیش کر سکوں۔ لیکن خان موصوف کی یہ درخواست نامنظور کی گئی اور کہا گیا کہ گواہوں کی فہرست پیش کریں۔ ہم سرکاری طور پر ان کو دیکھنے کے بعد اس پر عمل کرینگے جسے خان موصوف نے نامناسب سمجھ کر ایسا کرنے سے انکار کردیا۔

یہ یاد رہے کہ مقدمہ محض دفعہ ۱۲۴ الف کے تحت نہیں چل رہا تھا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ دفعہ (۴) ۱۳ قانون سرحدی بھی لگا ہوا تھا۔ جس کی رو سے خان موصوف وکیل اور اپیل کے حق سے محروم تھا۔

خان موصوف کے خلاف مواد صرف وہ تھا جو حیدرآباد اور کراچی کی پولیس نے ان کی ان دونوں مقامات کی تقاریر کے متعلق حاصل کیا تھا۔ آپ نے ایک تحریری بیان دیا جو جرگہ کے اراکین نے جس بیان کو حقائق پر مبنی کہا۔ زیادہ سے زیادہ مجسٹریٹ کے ایما پر انہیں شکایت تھی سو وہ یہ کہ خان موصوف نے حکومت کے حق میں بعض ناشائستہ الفاظ استعمال کئے تھے۔ مثلاً بیوقوف، عیار، ظالم وغیرہ بیان کے بعض مقامات پر مشتمل تھے۔ یہاں یہ یاد رہے کہ یہ الفاظ [illegible] بیان میں تھے۔ حیدرآباد اور کراچی کی تقاریر میں سے کوئی ایسا لفظ بہم پہنچایا نہیں گیا تھا۔ بہرحال اگر شکایت محض یہ تھی تو دفعہ ۱۲۴ الف کا اس سے کیا تعلق تھا؟

خان موصوف نے مجسٹریٹ کو توجہ دلائی کہ دفعہ ۴۰ سرحدی قانون اور دفعہ ۱۲۴ الف میں صرف یہ فرق ہے کہ موخر الذکر میں ملزم کی تحریر و تقریر سے ارادہ یہ ہو کہ اس سے بغاوت پھیلے۔ اور اول الذکر میں یہ ضروری نہیں بلکہ محض اندیشہ اور شبہ ہوتا ہے۔ لیکن مجسٹریٹ نے ایک نہ مانا۔ معلوم نہیں کہ دفعہ ۱۲۴ الف کے کس لفظ میں یہ سب بیان موجود ہے کہ تقاریر میں حیدرآباد اور کراچی میں کی گئیں لیکن بغاوت پھیلنے کے امکانات پشین میں پائے گئے لہٰذا پشین کی عدالت نے مقدمہ چلانے کی زحمت گوارا کی؟

آخر خان موصوف کو تین سال قید محض اور تین ہزار روپیہ ضمانت کی سزا جرگے دلوائی گئی۔ لیکن پولیٹیکل ایجنٹ نے بیک گردش قلم قید محض پر خط تنسیخ کھینچکر قید سخت کردیا۔ خان موصوف کے بھائی عبدالسلام خان اچکزئی نے جرگہ، مجسٹریٹ، پولیٹیکل ایجنٹ کی کاروائی اور خان موصوف کی تقاریر اور بیانات کی نقولات کے لئے درخواست کی لیکن انھیں نقولات دینے سے انکار کیا گیا۔ (نامہ نگار خصوصی)

[illegible] ہوٹل

جونا مارکیٹ کراچی (?)

سندھ کا مشہور و معروف ہوٹل [illegible] صاف ستھرا [illegible] اور بہترین پکا ہوا ہر وقت تیار ملتا ہے [illegible] سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس ہوٹل کے تمام [illegible] ایک دفعہ ضرور آزمائیں۔

المشتہر

منیجر

Yousaf Aziz Magsi Chair

انجمن مسلمانان پنجاب کی طرف سے

سیرت کے متعلق تعلیم و درس و تدریس کا جدید سلسلہ

اہالیان کراچی کو معلوم ہے کہ گذشتہ سال سیرت کمیٹی کی بنیاد رکھی گئی تھی اور علمائے کرام کو مقرر کر کے مسلمانان کراچی کو ان کے مواعظ حسنہ سے فائدہ پہنچایا گیا تھا اور پھر باقاعدہ ہفتہ وار درس سیرت کا اجرا کیا گیا تھا جس میں بہیل اشخاص باقاعدگی کے ساتھ شرکت کرتے تھے لیکن ماہ رمضان المبارک میں سلسلہ بند کر دیا گیا تھا۔ اب سیرت کمیٹی کی باقاعدہ تشکیل ہو گئی ہے ... [illegible] ... اور انجمن ... [illegible] ... کتاب ... [illegible] ... سیرت ... [illegible] ... ہر تاریخ ... [illegible] ... کہ برادران مسلمان ... [illegible] ... شریک ہو کر ... [illegible] ... "دار السلام" دفتر انجمن مسلمانان پنجاب ... [illegible] ... سٹریٹ صدر ... [illegible] ... کراچی میں ... [illegible] ... سیرت لائبریری۔ اہل علم حضرات سیرت الرسول صلعم سے آگاہ کرنے کیلئے ایک لائبریری قائم کی گئی ہے جس میں آنحضرت صلعم کی سوانح حیات پر مختلف اہل قلم کی کتابیں جمع کی گئی ہیں اس وقت تک ... کتابیں مہیا کی جا چکی ہیں اور ارادہ ہے کہ سیرت الرسول صلعم پر جتنی کتابیں ... [illegible] ... جمع کر لیجائیں اور اس لائبریری کو ہندوستان بھر میں اپنی قسم کی واحد لائبریری ہونیکا فخر حاصل ہو جائے۔ اللہ کے فضل اور آپ کی امداد سے ... [illegible] ... جو حضرات لائبریری کیلئے کتابیں بطور عطیہ عنایت فرمائینگے شکریہ کے ساتھ قبول کی جائینگی لائبریری کی کتابوں سے فائدہ اٹھانے کیلئے حسب ذیل قواعد منظور کئے گئے ہیں (۱) جو حضرات کتب خانہ میں بیٹھ کر کتابیں مطالعہ کرنا چاہیں ان سے کسی قسم کا زر ضمانت نہ لیا جائیگا (۲) وہ لوگ جو کتابیں گھر پہنچانا چاہیں ان سے زر ضمانت (۱) ایک روپیہ اور ... [illegible] ... انجمن سے ... [illegible] ... کتاب کی واپسی پر زر ضمانت بھی واپس کیا جائیگا (۳) ... [illegible] ... حضرات جو سیرت کمیٹی کو ... [illegible] ... بطور عطیہ عنایت فرمائینگے ... [illegible] ... ضمانت کے بغیر کتابیں ... [illegible] ...

... [illegible] ... اٹھائینگے۔ لائبریری کیساتھ ساتھ دارالمطالعہ بھی جاری کرنیکی کوشش ہو رہی ہے۔

مسلمانان کراچی سے عموماً اور اراکین انجمن سے خصوصاً درخواست ہے کہ سیرت کے درس میں کثیر تعداد میں شریک ہو کر ثواب دارین حاصل کیجئے اور سیرت لائبریری سے پورا پورا فائدہ اٹھائیے۔

دارالمطالعہ کے لئے اخبارات و رسائل اور کتب خانہ کے لئے کتابیں شکریہ کے ساتھ قبول کی جائینگی۔

محمد عبد الجبار

سکرٹری سیرت کمیٹی۔ کراچی

کراچی میں پہلی مرتبہ — بالکل نیا

امپیریل ٹاکیز

فون نمبر ۴۳۹ — بندر روڈ کراچی

برما امپیریل فلم کمپنی کا ہر دل میں گدگدی پیدا کرنیوالا ڈرامہ

حسن۔ رقص۔ سرود۔ اور ظرافت سے بھرپور بہترین مرقع

خانہ بدوش دلبر یا کاروان

جمعہ تاریخ ۲۲ مارچ ۱۹۳۵ء سے شروع

حسین مس زہرہ۔ ماسٹر نیو۔ منیرا۔ صدیقی۔ ... [illegible] ... اور دوسرے ... کام کرتے ہیں

منتخبی شو۔ جمعہ سنیچر اور اتوار ساڑھے چار بجے شام

روزانہ دو کھیل۔ ساڑھے سات بجے شام اور ساڑھے دس بجے رات

پرسوں پرانہ آزمودہ کا

ہمارے یہاں خصوصاً پرانے امراض جیسا کہ سوزاک۔ آتشک۔ نامردی ... جریان۔ جلن۔ درد گردہ۔ مثانہ ... [illegible] ... کا علاج باقاعدہ کیا جاتا ہے۔

... [illegible] ...

حکیم ... [illegible] ... مالک ...

پنجابی دواخانہ

جونا مارکیٹ کراچی

ریگ کوہ

قیمت ... [illegible] ...

چھپ کر تیار ہے

سو صفحات پر مشتمل ہے۔ مصنف کی عکسی تصویر بھی ہے اس کے ساتھ کوئی ۴۰ صفحوں کی بلوچستان اور قومی تحریک پر نثر بھی ہے۔ غرض ہر لحاظ قابل دید ہے۔

باوجود تمام خوبیوں کے قیمت صرف آٹھ آنے۔ پتہ

دفتر نجات مہاراشٹر روڈ۔ کراچی

(مستقل ھ)

مسلم کیپ ہاؤس

جونا مارکیٹ کراچی

ہمارے پاس ہر قسم کی ترکی، مخمل، اور بالدار ٹوپیاں، ہر نمونے کی نیرولی، مشہدی اور پشاوری لنگیاں ہر طرح کے اصلی و نقلی کلاہ عمدہ اور بارعایت مل سکتے ہیں۔

نوٹ۔ بیرونی گاہک ایک ثلث قیمت پیشگی بھیجکر ہم سے مال منگا سکتے ہیں۔